# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ معذوروں کو رُکاوٹوں سے آزاد کرنے کیلئے سماج نے پہل کرنی چاہیے: صدرِ جمہوریہ کی اپیل۔

☆ ''سُگمیے بھارت-سُلبھ بھارت'' مہم کو نو سال مکمل؛ بین الاقوامی معذوروں کا دِن مختلف پروگراموں کے ذریعے منایا گیا۔

☆ ''سٹیزن فرسٹ'' بھارتی کوڈ آف جسٹس کا نصب العین ہونے کا وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

اور۔۔۔☆ خواہش مند تعلقہ پروگرام کے تحت ناندیڑ ضلعے کے کنوٹ کو چوتھا مقام حاصل۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے اپیل کی ہے کہ سماج کو معذوروں کیلئے رُکاوٹوں سے آزاد ماحول پیدا کرنے کو ترجیح دینی چاہیے۔ وہ گذشتہ روز دہلی میں معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر معذور افراد کو با اختیار بنانے کیلئے قومی ایوارڈ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ تمام انسانوں کا فرض ہے کہ وہ معذور افراد کے ساتھ آسانی اور مساوی سلوک کریں۔

اس موقعے پر 22 افراد اور گیارہ تنظیموں کو صدرِ جمہوریہ نے مبارکباد دی۔ اس میں مہاراشٹر سے پرینکا دابھاڑے' کنیکا اگروال' تھمیش سنگھ اور سینٹ زیویئر کالج شامل ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء' مرکزی حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے ''سُگمیے بھارت' سُلبھ بھارت'' مہم کو کل نو سال مکمل ہو گئے۔ 2015 میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے معذور لوگوں سے کہا کہ وہ اپنی عزتِ نفس کو بڑھانے کیلئے ''دِویانگ'' لفظ کا استعمال شروع کریں۔ ''سُگمیے بھارت مہم'' اور ''ایک ملک ایک اشارے'' کی زبان جیسے اقدامات نے معذور افراد کی زندگیوں میں انقلاب پیدا کیا ہے۔

معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر گذشتہ روز کئی مقامات پر مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقدہ ایک پروگرام میں ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے مختلف تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ معذور افراد کو با اختیار بنانے کیلئے انتظامی محکموں کے ساتھ تعاون کریں۔ سال 2024-25 کے دوران منتخب معذور مستحقین کو معزز افراد کی جانب سے رہائش' گزارہ الاؤنس' تین پہیہ اسکوٹر دیئے گئے۔

معذوروں کے دِن کے موقع پر پربھنی اور بیڑ میں ریلی نکالی گئی۔ لاتور میں معذور طلبہ کیلئے ثقافتی مقابلہ منعقد ہوا۔ ضلع کے 46 اسکولوں کے 297 طلبہ نے اس میں شرکت کی۔ طلبہ نے گروپ ڈانس' گروپ سنگنگ کے ساتھ حب الوطنی کے گیتوں پر رقص کیا۔

معذور دِن کے موقع پر ناندیڑ میں ضلع پریشد کی سی ای او مینل کرنوال کی موجودگی میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا۔ کرنوال نے سماج سے اپیل کی کہ وہ معذوروں کو با اختیار بنانے کیلئے پہل کریں۔

دریں اثناء ناندیڑ میں بے روزگار معذورین ترقی کمیٹی کی جانب سے مختلف زیرِ التواء مسائل کو لے کر کلکٹر دفتر کے روبرو احتجاج کیا گیا۔

دھاراشیو میں بی جے پی کی معذور ترقی وِنگ کی جانب سے آڑنی میں ذہنی معذور لڑکیوں کے اسکول میں پھل تقسیم کیے گئے۔ مختلف مستحقین میں سٹرٹیفکیٹ اور اسکوٹرس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر کچھ طلبہ کو بھی مبارکباد دی گئی، جنہوں نے قومی سطح پر مہارت حاصل کی ہے۔ اس کے علاوہ جلد ہی معذور افراد کیلئے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔ سماجی بہبود محکمہ ہمیشہ مستحقین کیلئے بہتر کام کر رہا ہے۔

***** ***** *****

حزبِ اختلاف نے کل پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس میں نجی گروپ کی مبینہ رشوت ستانی' وحشیانہ تشدد اور دیگر مسائل کو لیکر احتجاج کیا۔ لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوتے ہی اپوزیشن جماعتوں کے ارکان نے اس معاملے پر سوالات اٹھانا شروع کر دیئے۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ ان مسائل کو وقفۂ صفر میں اٹھایا جائے' جس کی وجہ سے کانگریس' سماج وادی پارٹی' ڈی ایم کے اور دیگر جماعتوں کے ارکانِ پارلیمنٹ نے کچھ دیر کیلئے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ وقفۂ صفر میں سماج وادی پارٹی کے رکنِ پارلیمان اکھلیش یادو نے سنبھل معاملے کو ایک سوچی سمجھی سازش قرار دیا اور ملزمین کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا۔

راجیہ سبھا میں بھی سماج وادی پارٹی کے رکنِ پارلیمان رام گوپال یادو نے سنبھل تشدد معاملے میں سوال کیا، جس کے بعد سماج وادی پارٹی اور ترنمول کانگریس کے ارکانِ پارلیمان نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ دریں اثناء' لوک سبھا میں کل بینکنگ قانون ترمیمی بل پر بحث شروع ہوئی' جبکہ راجیہ سبھا نے آئیل فیلڈ قانون وترقی ترمیمی بل کو منظور کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے اپیل کی ہے کہ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت کے ساتھ مرکزی کپاس ٹکنالوجی ریسرچ ادارہ کی تمام شاخیں کسانوں کی مجموعی ترقی کیلئے کام کریں۔ وہ گذشتہ روز ممبئی میں مرکزی کپاس ٹکنالوجی ریسرچ ادارہ کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ادارہ کے صد سالہ ستون کا افتتاح ادارہ کی جانب سے تیار کردہ دو نئی تکنیک اور ادارہ کے کام سے متعلق تین کتابوں کی اشاعت بھی نائب صدرِ جمہوریہ نے کی۔ مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان' گورنر سی پی رادھا کرشنن' تنظیم کے عہدیداران و دیگر اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سٹیزن فرسٹ بھارتی جوڈیشیل کوڈ کا نصب العین ہے۔ ملک بھر میں نئے فوجداری قانون کے نفاذ کے بعد وزیرِ اعظم نے کل چنڈی گڑھ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کا مظاہرہ دیکھا، جس کے بعد وہ خطاب کر رہے تھے۔ وزیرِ اعظم نے اپنی تقریر میں کہا:

> *''بھارتیہ نیائے سنہتا کا مول منتر ہے سٹیزن فرسٹ۔ یہ قانون ناگرک اُدھیکاروں کے پروٹیکٹر*
> *بن رہے ہیں۔ ییس آف جسٹس کا آدھار بن رہے ہیں۔ پہلے ایف آئی آر کروانا بھی کتنا مشکل*
> *ہوتا تھا' لیکن اب زیرو ایف آئی آر کو بھی قانونی روپ دے دیا گیا ہے۔''*

***** ***** *****

وزیرِ اعظم مودی کل ممبئی کا دورہ کر رہے ہیں۔ وہ نومنتخب حکومت کی تقریبِ حلف برداری میں شرکت کریں گے۔ کل شام مہایوتی کے قائدین نے آزاد میدان میں منعقد ہونے والی تقریب کی تیاریوں کا معائنہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ اس تقریب میں مختلف ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ' سادھو سنت' فنکاروں اور ادیبوں کو بھی مدعو کیا جائے گا۔

دریں اثناء ناگپور کے رام نگر کے چائے کی دُکان چلانے والے گوپال باونکولے کو ایک فون کال موصول ہوئی، جس میں انھیں حلف برداری کی تقریب میں شرکت کی دعوی دی گئی ہے۔ گوپال باونکولے نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے بڑے مداح کے طور پر جانے جاتے ہیں۔

***** ***** *****

بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے مہاپری نروان دِن کے موقع پر ممبئی کے دادَر کے چیتیہ بھومی پر منعقد ہونے والے پروگرام کی تیاریوں کا نگراں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے جائزہ لیا۔ مہاپری نروان دن کی تیاری میں کسی بھی قسم کی کمی نہ رہنے کے احکامات وزیرِ اعلیٰ نے اس موقع پر دیئے۔

***** ***** *****

نیتی آیوگ کے خواہش مند تعلقہ پروگرام کے تحت ناندیڑ ضلع کے کنوٹ تعلقہ کو ریاست میں چوتھا جبکہ پورے ملک میں 51 واں مقام حاصل ہوا ہے۔ یہ مہم مجموعی طور پر چھ چیزوں پر مرکوز تھی اس میں قبل از پیدائش کی دیکھ بھال کیلئے رجسٹرڈ حاملہ خواتین کا فیصد 94 فیصد سے بڑھ کر 97 فیصد ہوگیا۔ ذیابطیس کیلئے اسکرین کی گئے لوگوں کا اور بڑھے بلڈ پریشر کیلئے اسکرین کیے گئے لوگوں کا فیصد بڑھ گیا۔ 85 سے 100 فیصد اضافی غذائیت حاملہ خواتین کی خوراک لینے کا تناسب 100 فیصد برقرار رکھا گیا ہے۔ مٹی کی صحت کی شیٹ کا فیصد صفر سے 100 فیصد مکمل کیا گیا ہے۔ تعلقہ سطح پر ترقی کو تیز کرنے کیلئے مختلف ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ مل کر بہتری لائی جارہی ہے۔

***** ***** *****

عالمی یوم بیت الخلاء کے موقعے پر بیڑ ضلع میں 14 نومبر سے خصوصی مہم چلائی جارہی ہے۔ ضلع پریشد کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر آدتیہ جیوَ نے ضلعے کی تمام گرام پنچایتوں سے ''ہمارا بیت الخلاء ہمارا فخر'' مہم میں شریک ہونے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

کُل ہند مراٹھی ڈرامہ پریشد لاتور شاخ اور دَیانند آرٹس کالج کے شعبۂ ڈرامہ کی جانب سے لاتور میں جاری ریاستی سطح کے شری رام گوجم گنڈے یادگاری کپ انفرادی مقابلے آج اختتام پذیر ہورہے ہیں۔ اس موقعے پر بزرگ اداکار ارون نلاوڑے کے ہاتھوں انعامات کی تقسیم عمل میں آئے گی۔

***** ***** *****

کُل ہند مراٹھی صحافی سنگھ کے یومِ تاسیس کے موقعے پر کل پربھنی کے دیوگیری سپر اسپیشلٹی اسپتال میں صحافیوں کیلئے ایک طبّی جانچ کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ضلعے کے تمام صحافی، اخبار و نیوز چینلز کے نمائندے اور اخبار فروشوں کی صحت کی جانچ کی گئی۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ معذوروں کو رُکاوٹوں سے آزاد کرنے کیلئے سماج نے پہل کرنی چاہیے: صدرِ جمہوریہ کی اپیل۔

☆ ''سُگمیے بھارت۔سُلبھ بھارت'' مہم کو نو سال مکمل؛ بین الاقوامی معذوروں کا دِن مختلف پروگراموں کے ذریعے منایا گیا۔

☆ ''سٹیزن فرسٹ'' بھارتی کوڈ آف جسٹس کا نصب العین ہونے کا وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

اور۔۔۔☆ خواہش مند تعلقہ پروگرام کے تحت ناندیڑ ضلعے کے کنوٹ کو چوتھا مقام حاصل۔

***** ***** *****